Studybeesofficial

*Where Minds Pollinate*

## Urdu
## Grammar

# ہئیت کے اعتبار سے نظم کی اقسام

**Follow Our Socials**
studybeesofficial
studybeesofficialpak
studybeesofficialpak

CamScanner

## ہیئت کے اعتبار سے نظم کی اقسام

1) **شعر:-** عربی زبان کا لفظ ہے جو کہ "شعور" سے بنا ہے۔ اور اس کے لغوی معنی "جاننا یا بوجھنا" کے ہیں۔ اصطلاح میں شعر اُس ~~مصرع~~ کلام موزوں کو کہا جاتا ہے جس میں ایک خیال یا موضوع بیان کیا جاتا ہے۔ شعر دو مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے

2) **مثلث:-** ایسی نظم جس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں اور تینوں مصرعوں کا قافیہ ایک ہی ہوتا ہے

3) **مربع:-** ایسی نظم جس کے ہر بند میں چار مصرعے ہوں مربع کہلاتی ہے

4- **رباعی:-** عربی زبان کے لفظ "ربع" سے بنا ہے جس کے لغوی معنی چار کے ہیں اصطلاح میں رباعی اُس مختصر نظم کو کہتے ہیں جس کے

Studybeesofficial

CamScanner

تاریخ: ____

مصرعوں کی تعداد صرف 4 ہو۔

د) **ہائیکو:** ہائیکو تین مصرعوں پر مشتمل مختصر نظم ہے یہ جاپانی صنفِ سخن ہے۔

ر) اور یہ غیر مقفیٰ صنفِ سخن ہے۔

دوست ہو یا دشمن
قوم ہے یا کوئی اندھا
ہر کوئی جانے فن

06) **قطعہ:** عربی زبان کا لفظ ہے جس کے لغوی معنی "ٹکڑا یا حصّہ" کے ہیں۔ اصطلاح میں اشعار کا ایسا مجموعہ جس میں ایک خیال یا مضمون کو تسلسل سے بیان کیا گیا ہو قطعہ کہلاتا ہے قطعہ کے لیے مطلع اور مقطع کی شرط نہیں ہے۔ قطعہ کے کم از کم اشعار کی تعداد دو اور زیادہ کی کوئی پابندی نہیں۔

07) **مخمس:** ایسی نظم جس کے ہر بند کے پانچ مصرعے ہوں مخمس کہلاتی ہے۔
اس کی ۵ قسمیں ہیں

1) **مخمس ترکیب بند:** ایسی مخمس نظم

Studybeesofficial

CS CamScanner

تاریخ: ____

جس کے ہر بند کا پانچواں مصرع ہر بند میں الگ ہو

(2) **مخمس ترجیع بند:** ایسی مخمس نظم جس کے ہر بند کا پانچواں مصرع ہر بند میں بار بار دہرایا جائے مخمس ترجیع بند کہلاتی ہے اور اسے ٹیپ کا مصرع کہلاتا ہے۔

(4) **مسدس:** ایسی نظم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں مسدس کہلاتی ہے۔ مسدس کے ہر بند کے چار مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں پانچواں چھٹا مصرعہ (تیسرا شعر) ان سے الگ قافیہ الفاظ پر مشتمل ہوتا ہے لیکن آپس میں ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ مسدس نظمیں عام طور پر طویل ہوتی ہیں مسدس کی دو اقسام ہیں

-1 **مسدس ترکیب بند:** ایسی مسدس نظم جس کے ہر بند کا تیسرا شعر ہر بند میں الگ ہو مسدس ترکیب بند کہلاتی ہے۔

-2 **مسدس ترجیع بند:** ایسی مسدس نظم جس کے ہر بند کا تیسرا شعر ہر بند میں بار بار دہرایا جائے مسدس ترجیع بند کہلاتی ہے اور بار بار دہرایا جانے والا شعر ٹیپ کا شعر کہلاتا ہے

Studybeesofficial

CS CamScanner

تاریخ: ___ ___ ___

09) سانیٹ :- (Sonnet) ایسی نظم جس کے کُل مصرعوں کی تعداد 14 ہو سانیٹ کہلاتی ہے یہ صنف دراصل انگریزی سے اردو زبان میں آئی ہے